حج کے متعلق معلومات بہم پہنچانے والی کتابوں میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ملک صاحب نے ۱۹۵۱ء کا وہ حج کیا ہے جبکہ حجاز کی گرمی پورے شباب پر تھی اور متعدد حادثاتِ مرگ ہوئے تھے۔ مؤلف نے اپنی سرگزشتِ حج بیان کرتے ہوئے ایک تعمیری کام یہ کیا ہے کہ ان بدنظمیوں، خرابیوں اور تکالیف کو وضاحت سے بیان کیا ہے جو حجاج کو پیش آتی ہیں اور اپنی طرف سے اصلاحی تدابیر پیش کی ہیں۔ مگر یہ کتاب اگر کہیں لاہور کے ایک خاص عالمِ دین کی نظر سے گزر گئی، تو پھر ملک صاحب کی خیر نہیں، آپ پر توہینِ کعبہ، توہینِ مسجد نبوی، توہینِ منا و عرفات اور توہینِ حج کی فردِ جرم لگ جائے گی۔

مسئلہ تعددِ ازدواج پر جمعیۃ علمائے پاکستان کا جامع فتویٰ | مرتبہ: جناب مفتی صاحب داد صاحب مفتی اعظم دارالافتاء جمعیت علمائے پاکستان۔ ملنے کا پتہ: دفتر جمعیۃ علمائے پاکستان، ۷۷۔ گارڈن اسٹریٹ کراچی۔

تعددِ ازدواج کے مسئلے پر متجددین نے حال ہی میں جو حملہ کیا ہے اس کے دفاع کے لیے علمی انداز میں یہ فتویٰ مرتب کیا گیا ہے۔

انتخابِ کلام امیر مینائی | مرتب: خالد مینائی، ایم اے۔ شائع کردہ: مکتبۃ الحبیب، ۹۷ مین بازار اچھرہ لاہور

امیر مینائی کے کلام میں سے اچھے ذوق کے ساتھ عاشقانہ اور نعتیہ اشعار انتخاب کر کے دو الگ الگ کتابچوں میں شائع کیے گئے ہیں، کتابت کی چند غلطیوں سے صرفِ نظر کر لیں تو طباعتی معیار بہت اچھا ہے۔ قیمت ہر ایک حصہ ۱/

محنت کاروں کے مسائل اور ان کا حل | از جناب عبدالمجید صاحب قریشی۔ شائع کردہ: مکتبۃ الحبیب اچھرہ لاہور۔ قیمت ۱/

مؤلف نہ صرف معاشیات اور محنت کاروں سے متعلقہ مسائل کا وسیع مطالعہ رکھتے ہیں بلکہ عملاً بھی مزدوروں کے میدان میں کام کر رہے ہیں۔ پس مندرجہ بالا موضوع پر آپ نے مسلم ذہن کے ساتھ جو کچھ لکھا ہے وہ پڑھے جانے کے قابل ہے۔

ماہنامہ ستارہ | زیرِ ادارت: مسعود اختر ہاشمی۔ مقامِ اشاعت: جامعہ تعلیمی ملیر سٹی کراچی۔ چندہ سالانہ چار روپے۔

فی پرچہ چار آنے۔ یہ ماہنامہ بچوں کی نفسیات کو ملحوظ رکھ کر آسان زبان میں مرتب کیا جاتا ہے۔ مقصد نیا قومی جذبہ پر ذہن و فکر کی تعمیر ہے۔